© rasailojaraid.com



# خطوط بنام ادارہ

## ترتیب :مولانا ابرار اللہ شاہ

صاحبزادہ جامع الفقہاء والعلماء : "مولانا سیدنصیب علی شاہ" نوراللہ مرقدہ

جناب حضرت "مولانا سیدنسیم علی شاہ صاحب" حفظکم اللہ

سلام مسنون کے بعد عرض یہ ہے یہ کہ بندہ نے کچھ ناقص کوشش کی ہے، اور اپنے موضوع کے متعلق کچھ لکھنے کی جسارت کی ہے۔ اب بندہ مضمون کی فوٹو کاپی بھیج رہا ہے، امید ہے کہ بندہ کی ناقص کوشش کو سہ ماہی مجلّہ "المباحث الاسلامیہ" میں شائع فرما کر بندہ کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔ فجزاک اللہ خیرا

اللہ تعالیٰ آپس کی مساعی جمیلہ کو قبول فرما کر چمنستان شریعت کی سرابی، اور خارستان بدعت کے بیخ کنی کا ذریعہ بنائیں۔"آمین"

ضیاء اللہ بن عثمان غنی دیروی متخصص فی علوم الحدیث، جامعہ فاروقیہ کراچی

جناب قاری ثناء اللہ صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وبعد ،،،

اُمید ہے مزاج گرامی بخیر ہونگے عرض یہ ہے کہ سلسلہ ارسال کچھ عرصہ سے بند ہے باوجود ارسال سالانہ مبلغ مقرر علت فارم رکنیت کی عدم معلوم ہوتا ہے فارم کچھ زمانہ پہلے اوراق میں گمشدہ تھا حالاً ارسال خدمت آپ حضرات سے امید ہیں کہ تدارک کریں۔

والسلام بندہ محمد صادق عفی عنہ

خدمت گرامی حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ،،،

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ اللہ آپ کو سدا خوش رکھے۔ اور جملہ خدمات کو قبول ومنظور فرمائے آمین۔

خلاصہ کلام کہ میں نے آپ کا رسالہ "المباحث الاسلامیہ" مدرسہ عربیہ دارالھدیٰ کے لائبریری میں مطالعہ کیا ماشاء اللہ بہتر رسالہ ہے۔ میں سالانہ چندہ بھیج رہا ہوں۔ امید ہے کہ رسالہ روانہ فرما کر شکریہ کا موقع دیں گے۔ بھائی غلام اللہ سلیمی سلام عرض کرتے ہیں۔

(مولانا) محمد نور عثمانی مدرسہ عربیہ دارالھدیٰ گوادر مکران

جناب ناظم دفتر مجلس التحقیق الفقہی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبعد ،،،

عرض یہ ہے کہ آپ حضرات کی سہ ماہی اُردو شمارہ بندہ کو ملا۔ مطالعہ کر کے بہت خوشی ہوئی، کہ اس دور فتن میں دین اور اسلام کی خدمت

© rasailojaraid.com